سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1974
سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴
THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974
(CONTENTS) فہرست

تمہید (Preamble)

دفعات (Sections)

۱۔ مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم

Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

۳۔ ۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۸کی ترمیم

Amendment of Section 8 of Sindh Ordinance VI of 1972

سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1974

سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE SINDH BOARDS OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION (AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۲ مئی ۱۹۷۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں مزید ترمیم مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس (ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۴ کی ترمیم
Amendment of Section 4 of Sindh Ordinance VI of 1972

۲۔سندھ انٹرمیڈیئٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے بورڈس آرڈیننس، ۱۹۷۲ میں، (جس کو اس کے بعد بھی مذکورہ آرڈیننس کہا جائے گا) اس کی دفعہ ۴ کی ذیلی دفعہ (۱) میں:

۱۹۷۲ کے سندھ آرڈیننس VI کی دفعہ ۸کی ترمیم

Amendment of Section 8 of Sindh Ordinance VI of 1972	(a)شق (ix) کی آخر میں آنے والے فل اسٹاپ کو سیمی کولن اور لفظ "اور" سے تبدیل کیا جائے گا؛ اور (b)مندرجہ ذیل نئی شق کا اضافہ کیا جائے گا: "(x) دوسرے سارے بورڈس کے چیئرمین۔"۔ ۳۔مذکورہ آرڈیننس کی دفعہ ۸ کی ذیلی دفعہ (۲) کے لیئے مندرجہ ذیل طور پر متبادل ہوگا: "(۲)بورڈ کی میٹنگس کا کورم تمام میمبران کے پچاس فیصد کے مساوی ہوگا، جس کی نسبت ایک کے برابر گنی جائے گی۔"۔ **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**